ادبیات

غزل

ازجناب مولانا سیماب صاحب اکبرآبادی

محبت ہی فنا کے بعد بھی بروئے کار آئی — نہ مجھکو دین راس آیا، نہ دنیا سازگار آئی
کسی کی روح کیا پھر وجد میں منصور وار آئی؟ — مرے گوشِ تصور میں صدائے گیرودار آئی
مرے ناکام ہوتے ہی وفا بروئے کار آئی — حریمِ حسن سے آخر صدائے اعتبار آئی
پلٹ کر جلوہ گہ سے جب نگاہِ کامگار آئی — صد آئینہ بدامن، صد تماشا درکنار آئی
شگفتِ دل ہی تک ہنگامۂ رنگینِ گلشن تھا — نہ پھر کوئی کلی چٹکی نہ پھر بانگِ ہزار آئی
پریشاں ہوگیا محشر پریشاں دیکھکر مجھکو — یہاں بھی کام میری خاطرِ آشفتہ کار آئی
مجھے بعدِ فنا یوں پھینک آئی گور میں جاکر — یہ دنیا جیسے اک بارِ گراں سر سے اتار آئی
خوشی میں استواری ہے نہ غم میں پائداری ہے — مرے حصہ میں تیری ہر نوازش مستعار آئی
حقیقت کچھ ہو لیکن روح کی فطرت ہے سیمابی — جو نکلی مضطرب نکلی جو آئی بیقرار آئی
وداعِ گردشِ ایام تھا ترکِ چمن میرا — نہ پھر شامِ خزاں آئی، نہ پھر صبحِ بہار آئی
نہ ہوا فشائے غم شمعیں بجھا دو چاند تاروں کی — بساطِ کائنات اٹھو کہ مجھکو یادِ یار آئی
شہیدانِ چمن کی خاک تھی اصلِ گل و لالہ — خزاں کے خون میں لتھڑی ہوئی صبحِ بہار آئی
اندھیرا ہوگیا، دل بجھ گیا، سونی ہوئی دنیا — بڑی ویرانیوں کے ساتھ شامِ انتظار آئی
جنوں نے خیر مقدم کرکے رکھ لی شرمِ رسوائی — ابھی جنت سے نکلے تھے کہ تیری رہگذار آئی